Sultanate of Oman
Ministry of Manpower

سلطنة عُمان
وزارة القوى العاملة

الأوردية
Urdu

ارشادات عامة للقوى العاملة غير العمانية للعمل في سلطنة عمان

سلطنت عمان میں غیر ملکی ورکروں کے لئے ضروری ہدایات



عملہ حضرات

ہم چاہتے ہیں کہ آپ اور آپ کے مالک کے درمیان تعلقات استوار رہیں۔ اس بابت مندرجہ ذیل نکات کی جانب ہم آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتے ہیں:

- عمان میں آپ کی آمد پر آپ کے مالک کا صحیح پتہ نہ چل سکے تو براہ مہربانی فون نمبر **۸۰۰۷۷۰۰۰** پر یا پھر مین پاور منسٹری سے رابطہ کریں.

- آپ کی آمد سے ایک ماہ کے دوران ہی اگر آپ کا شناختی کارڈ یا ریزیڈینسی پروف تیار نہ ہوسکا تو اس کی اطلاع فورا اپنے انچارج کو دیدیں یا پھر کسی قریبی ڈائرکٹریٹ آفس میں یا مین پاور منسٹری کے تابع ڈپارٹمنٹ سے رجوع کریں.

- آپ کا شناختی کارڈ آپ کی پہچان ہے، اسے اپنے ساتھ رکھیں.

- اپنے پاسپورٹ کی مدت ختم ہونے سے پہلے اس کی تجدید کروا لیں.

- ورک پرمٹ اور شناختی کارڈ نیز رہائشی ویزا کے فیس کی ادائیگی کے لئے آپ کا مالک ذمہ دار ہے، جب تک قانونی طور پر آپ اپنے کام میں موجود ہیں تب تک کسی بھی قسم کے فیس کی ادائیگی آپ پر لازم نہیں ہے۔

- آپ کے لئے یہ ممکن ہے کہ آپ اپنے عقدنامہ کی ایک کاپی اپنے ساتھ رکھیں، اس طرح آپ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں سے مطلع ہوتے رہیں گے۔

- اگر آپ کی تنخواہ میں تاخیر ہوجائے تو آپ اس کی رپورٹ اپنے ذمہ دار کو دے سکتے ہیں، اگر وہ اس کی شنوائی نہ کرے تو آپ کسی قریبی ڈائرکٹریٹ آفس میں یا مین پاور منسٹری کے تابع ڈپارٹمنٹ سے رجوع کریں۔

- اوور ٹائم کے لئے مالک پر ضروری ہے کہ وہ عمانی ورکنگ ایکٹ نمبر **۲۰۰۳/۳۵** اور اس کی تعدیل کے تحت وہ اس کی تنخواہ دے۔

- آپ اور مالک کے مابین اختلاف رونما ہوجانے کی صورت میں اپنے انچارج کو اس کی اطلاع دیں، اگر معاملہ استوار نہ ہوپائے تو اپنا کام چھوڑے بغیر کسی قریبی ڈائرکٹریٹ آفس میں یا مین پاور منسٹری کے تابع ڈپارٹمنٹ سے رجوع کریں.

- اگر بغیر کسی معقول عذر کے آپ کو برطرف کردیا گیا تو اس کے لئے نوٹس سے ۱۵ دنوں کے اندر ہی کسی قریبی ڈائرکٹریٹ آفس میں یا مین پاور منسٹری کے تابع ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ اپنے برطرفی کی نوٹس کو کالعدم کیا جاسکتا ہے.

- یاد رکھیں اگر کوئی ورکر اپنے متعلقہ ڈپارٹمنٹ کے علاوہ لائیسنس کے ساتھ پکڑا گیا یا اپنے مالک کے علاوہ کسی دوسری جگہ کام کرتا ہوا پایا گیا تو سزا کے طور پر ایک ماہ کی جیل اور ۴۰۰ سے لیکر ۸۰۰ عمانی ریال تک جرمانہ عائد ہوگا، یا دونوں سزاؤں میں سے کسی ایک سزا کا وہ مستحق ہوگا، مزید براں یہ کہ اس کا لائیسنس ضبط کرلیا جائیگا اور آپریٹر پارٹی کے حساب پر اس کو ملک بدر کردیا جائیگا اور دوبارہ سلطنت کی آمد پر پابندی عائد کردی جائیگی.

- اپنے آفیشیل اہلکاروں کا تعاون کریں، ہر وہ شخص جو کام میں رخنہ ڈالیگا اور ان کے کام کو پورا کرنے میں خلل ڈالیگا تو وہ مالی طور پر یا جیل یا پھر دونوں سزاؤں کا مستحق ہوگا۔ اور ایسے واقعات بار بار رونما ہونے پر سزا میں اضافہ کا بھی امکان ہے.

- نصائح وضوابط پر پابندی اور جائے عمل میں حفاظت وسلامتی سے بابت ہدایات پر عمل پیرا ہونا آپ کو مصائب ومشاکلات سے محفوظ رکھنا ہے.

- اپنے ذمہ سپرد کئے گئے آلات اور سامانوں کی حفاظت کریں، اور کام ختم ہوتے ہی انہیں محفوظ مقام پر رکھ دیں.

- اسلام مذہب کا احترام کرنا اور سلطنت میں لاگو سماجی اور اخلاقی اقدار سے متعلقہ قوانین وضوابط کی پیروی کرنا لازمی ہے۔ جو سلطنت کے امن وسلامتی کو ٹھیس پہونچے ایسی سرگرمیوں سے قطعا پرہیز کریں.

- سلطنت عمان میں آمد پر آپ پاکستان کے سفارتخانہ سے رابطہ کریں اور انہیں اپنی آمد سے آگاہ کردیں. سفارتخانہ سے آپ اس فون نمبر (۲۴۶۰۳۳۴۳) پر رابطہ کر سکتے ھیں.

- سلطنت عمان میں میڈیکل ٹریٹمنٹ کافی مہنگا ہے یہ ذمہ داری آپ کے سپانسر کی ہے. اس لیے آنے سے پہلے جائزہ لے لیں کہ آپ کے ایمپلائمنٹ کنٹریکٹ میں اسکی نشاندہی واضح طور پر کی ہو اور میڈیکل انشورنس کی وضاحت کی گئی ہو.

- اگر آپ کو کہیں پولیس روک لے تو فورا اپنے سفارتخانہ سے رابطہ کریں. اگر آپ کا پولیس سٹیشن میں کوئی مسئلہ ہو تو آپ کو صرف ایک بار فون کرنے کا موقع دیا جاتا ہے. برائے مہربانی اپنے کسی دوست کو فون کرنے کی بجائے اپنے سفارت خانے سے رابطہ کریں.
(۲۴۶۰۳۳۴۳ / ۲۴۶۹۵۷۹۵)

- لیبر ایکٹ کا علم آپ کو اپنے حقوق وذمہ داریوں سے روشناس کراتا ہے، مزید تفصیلات کے لئے مین پاور منسٹری کے ویب سائٹ کا معائنہ کریں .

www.manpower.com.om

نیک تمناؤں کے ساتھ

ڈائرکٹریٹ جنرل برائے لیبر ویلفیئر